"تم مجھے ڈھونڈو گے اور پاؤ گے۔ جب پورے دل سے میرے
طالب ہو گے۔ اور میں تم کو مِل جاؤں گا"

(یرمیاہ ۲۹ : ۱۳)۔

# ہم خُدا کو
# کیسے
# جان سکتے ہیں؟

# ہم خُدا کو کیسے جان سکتے ہیں؟

خدا کو جاننا، زندگی کا سب سے اہم تجربہ ہے۔ یہ کتنی خوش کُن بات ہے کہ خدا نے اپنے آپ کو اِس طور سے ظاہر کیا ہے کہ اگر کوئی اُسے پورے دل سے تلاش کرے تو وہ اُسے مِل جائے گا۔ لیکن وہ لوگ جو اُسے جاننے کی کوشش نہیں کرتے، اُن کے لئے وہ ایک بھید ہی رہے گا۔

صرف وہی لوگ جو حقیقتاً خدا کو جاننے کے مشتاق ہیں ان صفحات کا غور سے مطالعہ کریں گے۔ اِن میں خدا کے اپنے دلی خیالات پیش کئے گئے ہیں۔ اُس نے اِن خیالات کو ضبطِ تحریر میں لانے کے لئے خدا ترس لوگوں کو تحریک بخشی اور اپنے پاک کلام کو برباد کرنے کی ابلیس کی ہر کوشش کے باوجود ہر زمانہ میں اُس کی حفاظت کی۔

اگر آپ اپنی مرضی پر چلنے کی بجائے خود کو حقیقتاً خدا کے سپرد کر دیں گے تو اُس کا رُوح آپ میں سکونت اختیار کرے گا۔ اور جب آپ اُس کے وعدوں کا یقین کریں گے اور فرمانبرداری کے ساتھ اُس کی پیروی کریں گے تو کوئی شے بھی آپ کو اُس کی محبّت سے جدا نہ کر سکے گی۔ وہ آپ کا خدا ہوگا اور آپ اُس کا بیش قیمت خزانہ۔ اُس نے آپ کو بڑی قیمت سے خریدا ہے اور وُہ آپ کے ساتھ رفاقت رکھنا چاہتا ہے— ابھی اور ابد تک۔

All scriptures are taken from the Urdu Bible with permission from the Bible Society of India.

# صرف ایک ہی سچّا حقیقی خُدا ہے

استثنا ۶: ۴، ۵

خداوند ہمارا خدا ایک ہی خداوند ہے۔ تُو اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری طاقت سے خداوند اپنے خدا سے محبّت رکھ۔

یسعیاہ ۴۵: ۱۸

کیونکہ خداوند جس نے آسمان پیدا کئے وہی خدا ہے۔ اُسی نے زمین بنائی اور تیار کی۔ اُسی نے اُسے قائم کیا۔ اُس نے اُسے عبث پیدا نہیں کیا بلکہ اُس کو آبادی کے لئے آراستہ کیا۔ وہ یوں فرماتا ہے کہ مَیں خداوند ہوں اور میرے سوا اور کوئی نہیں۔

۱۔سلاطین ۸ : ۶۰

زمین کی سب قومیں جان لیں کہ خداوند ہی خدا ہے اور اُسکے سوا اور کوئی نہیں۔

یسعیاہ ۴۲: ۸

یہوؔواہ مَیں ہوں یہی میرا نام ہے۔ مَیں اپنا جلال کسی دوسرے کے لئے اور اپنی حمد کھودی ہوئی مُورتوں کے لئے روا نہ رکھوں گا۔

یسعیاہ ۴۳ : ۱۰-۱۱

خداوند فرماتا ہے تم میرے گواہ ہو . . . تاکہ تم جانو اور مجھ پر ایمان لاؤ اور سمجھو کہ مَیں وہی ہوں۔ مجھ سے پہلے کوئی خدا نہ ہؤا اور میرے بعد بھی کوئی نہ ہوگا۔

یسعیاہ ۴۵ : ۲۲

اَے انتہائے زمین کے سب رہنے والو! تم میری طرف متوجّہ ہو اور نجات پاؤ کیونکہ مَیں خدا ہوں اور میرے سوا کوئی نہیں۔

# خُدا رحیم اور کریم ہے

زبُور ۱۰۳ : ۸ ، ۱۱

خداوند رحیم اور کریم ہے۔ قہر کرنے میں دِھیما اور شفقت میں غنی... کیونکہ جس قدر آسمان زمین سے بلند ہے اُسی قدر اُس کی شفقت اُن پر ہے جو اُس سے ڈرتے ہیں۔

زبُور ۱۰۳ : ۱۷ ، ۱۸

لیکن خداوند کی شفقت اُس سے ڈرنے والوں پر ازل سے ابد تک اور اُس کی صداقت نسل در نسل ہے۔ یعنی اُن پر جو اُس کے عہد پر قائم رہتے ہیں اور اُس کے قوانین پر عمل کرنا یاد رکھتے ہیں۔

میکاہ ۷ : ۱۸

تجھ سا خدا کون ہے جو بدکرداری معاف کرے اور اپنی میراث کے بقیّہ کی خطاؤں سے درگذرے؟ ... وہ شفقت کرنا پسند کرتا ہے۔

نوحہ ۳ : ۲۲

یہ خداوند کی شفقت ہے کہ ہم فنا نہیں ہوئے کیونکہ اس کی رحمت لازوال ہے۔

نوحہ ۳ : ۳۲

کیونکہ اگرچہ وہ دُکھ دے تو بھی اپنی شفقت کی فراوانی سے رحم کرے گا۔

زبُور ۱۸ : ۲۵

رحم دل کے ساتھ تُو رحیم ہوگا اور کامل آدمی کے ساتھ کامل۔

۱۔ تواریخ ۱۶ : ۳۴

خداوند کا شکر کرو اس لئے کہ وہ نیک ہے۔ کیونکہ اُس کی شفقت ابدی ہے۔

# خُدا آپ کو پیار کرتا ہے

یرمیاہ ۳۱ : ۳

خداوند قدیم سے مجھ پر ظاہر ہُوا اور کہا کہ مَیں نے تجھ سے ابدی محبّت رکھی اِسی لئے مَیں نے اپنی شفقت تجھ پر بڑھائی۔

یرمیاہ ۲۹ : ۱۱

کیونکہ مَیں تمہارے حق میں اپنے خیالات کو جانتا ہُوں خداوند فرماتا ہے یعنی سلامتی کے خیالات۔ بُرائی کے نہیں تاکہ مَیں تُم کو نیک انجام کی اُمید بخشُوں۔

ملاکی ۱ : ۲

خداوند فرماتا ہے میں نے تُم سے محبّت رکھی۔

زبُور ۱۰۳ : ۱۳

جیسے باپ اپنے بیٹوں پر ترس کھاتا ہے وَیسے ہی خداوند اُن پر جو اُس سے ڈرتے ہیں ترس کھاتا ہے۔

یسعیاہ ۳۸ : ۱۷

دیکھ میرا سخت رنج راحت سے تبدیل ہُوا۔ اور میری جان پر مہربان ہو کر تُو نے اُسے نیستی کے گڑھے سے رہائی دی۔ کیونکہ تُو نے میرے سب گناہوں کو اپنی پیٹھ کے پیچھے پھینک دیا۔

۱۔ یوحنّا ۴ : ۱۶، ۱۹

جو محبّت خُدا کو ہم سے ہے اُس کو ہم جان گئے اور ہمیں اُس کا یقین ہے ... ہم اس لئے محبّت رکھتے ہیں کہ پہلے اُس نے ہم سے محبّت رکھی۔

صفنیاہ ۳ : ۱۷

خداوند تیرا خدا جو تجُھ میں ہے قادر ہے۔ وہی بچا لیگا۔ وُہ تیرے سبب سے شادمان ہو کر خوشی کریگا۔ وہ اپنی محبّت میں مسرُور رہیگا۔ وہ گاتے ہوئے تیرے لئے شادمانی کرے گا۔

# زندگی میں سب سے بڑی بات خدا کو جاننا ہے

دانی ایل ۱۱ : ۳۲

اپنے خدا کو پہچاننے والے تقویت پا کر کچھ کر دکھائیں گے۔

یرمیاہ ۹ : ۲۴

لیکن جو فخر کرتا ہے اِس پہ فخر کرے کہ وہ سمجھتا اور مجھے جانتا ہے کہ میں ہی خداوند ہوں جو دنیا میں شفقت و عدل اور راستبازی کو عمل میں لاتا ہوں کیونکہ میری خوشنودی اِن ہی باتوں میں ہے خداوند فرماتا ہے۔

زبُور ۱۱۹ : ۲

مبارک ہیں وہ جو اُس کی شہادتوں کو مانتے ہیں اور پورے دل سے اُس کے طالب ہیں۔

استثنا ۳۰ : ۱۹، ۲۰

مَیں نے زندگی اور موت کو اور برکت اور لعنت کو تیرے آگے رکھا ہے۔ پس تُو زندگی کو اختیار کر کہ تُو بھی جیتا رہے اور تیری اولاد بھی تاکہ تُو خداوند اپنے خدا سے محبّت رکھے اور اُس کی بات سُنے اور اُسی سے لپٹا رہے کیونکہ وہی تیری زندگی اور تیری عمر کی درازی ہے۔

ہوسیع ۶ : ۶

مَیں قربانی نہیں بلکہ رحم پسند کرتا ہوں اور خداشناسی کو سوختنی قربانیوں سے زیادہ چاہتا ہوں۔

زبُور ۴۲ : ۱

جیسے ہرنی پانی کے نالوں کو ترستی ہے ویسے ہی اَے خدا! میری رُوح تیرے لئے ترستی ہے۔

خروج ۳۳ : ۱۴

تب اُس نے کہا مَیں ساتھ چلوں گا اور تجھے آرام دوں گا۔

# خُدا سے آزاد زِندگی بڑی خطرناک ہے

۲۔ تواریخ ۱۵ : ۲

خداوند تمہارے ساتھ ہے جب تک تم اُس کے ساتھ ہو۔ اور اگر تم اُس کے طالب ہو تو وہ تم کو ملے گا پر اگر تم اُسے ترک کرو تو وہ تم کو ترک کرے گا۔

یرمیاہ ۱۷ : ۹

دِل سب چیزوں سے زیادہ حیلہ باز اور لاعلاج ہے۔ اُس کو کون دریافت کر سکتا ہے؟

امثال ۱۶ : ۲۵

اَیسی راہ بھی ہے جو اِنسان کو سیدھی معلوم ہوتی ہے پر اُس کی انتہا میں موت کی راہیں ہیں۔

۲۔ پطرس ۲ : ۴، ۹

جب خدا نے گناہ کرنے والے فرشتوں کو نہ چھوڑا بلکہ جہنم میں بھیج کر تاریک غاروں میں ڈال دیا تاکہ عدالت کے دن تک حراست میں رہیں۔ تو خداوند دینداروں کو آزمائش سے نکال لینا اور بدکاروں کو عدالت کے دن تک سزا میں رکھنا جانتا ہے۔

۱۔ سموئیل ۱۲ : ۱۵

پر اگر تم خداوند کی بات نہ مانو بلکہ خداوند کے حکم سے سرکشی کرو تو خداوند کا ہاتھ تمہارے خلاف ہوگا۔

یوحنّا ۱۵ : ۶

اگر کوئی مجھ میں قائم نہ رہے تو وہ ڈالی کی طرح پھینک دیا جاتا اور سُوکھ جاتا ہے اور لوگ اُنہیں جمع کر کے آگ میں جھونک دیتے ہیں اور وہ جل جاتی ہیں۔

# خدا کو جاننے کے لئے اسے تلاش کرنا ضروری ہے

یرمیاہ ۲۹ : ۱۳
اور تُم مجھے ڈھونڈو گے اور پاؤ گے، جب پورے دِل سے میرے طالب ہو گے۔

امثال ۲ : ۴ ، ۵
اگر تُو ... اُس کی اَیسی تلاش کرے جَیسی پوشیدہ خزانوں کی تو تُو ... خُدا کی معرفت کو حاصل کرے گا۔

متّی ۷ : ۷
مانگو تو تُم کو دیا جائے گا۔ ڈھونڈو تو پاؤ گے۔ دروازہ کھٹکھٹاؤ تو تمہارے واسطے کھولا جائے گا۔

عبرانیوں ۱۱ : ۶
اور بغیر ایمان کے اس کو پسند آنا ناممکن ہے۔ اس لئے کہ خدا کے پاس آنے والے کو ایمان لانا چاہیئے کہ وہ موجود ہے اور اپنے طالبوں کو بدلہ دیتا ہے۔

امثال ۸ : ۱۷
جو مجھ سے محبّت رکھتے ہیں مَیں اُن سے محبّت رکھتی ہوں اور جو مجھے دل سے ڈھونڈتے ہیں وہ مجھے پالینگے۔

اعمال ۱۷ : ۲۶،۲۷
اور اُس نے ایک ہی اصل سے آدمیوں کی ہر ایک قوم ... پیدا کی ... تاکہ خدا کو ڈھونڈیں۔ شاید کہ ٹٹول کر اُسے پائیں ہر چند وہ ہم میں سے کِسی سے دُور نہیں۔

ایوب ۵ : ۸
لیکن مَیں تو خدا ہی کا طالب رہوں گا اور اپنا معاملہ خدا ہی پر چھوڑوں گا۔

# خُدا چاہتا ہے کہ ہم اُس کے پاس آئیں

۲-تواریخ ۳۰ : ۹

کیونکہ خداوند تمہارا خدا غفور و رحیم ہے اور اگر تم اُس کی طرف پھرو تو وہ تم سے اپنا مُنہ پھیر نہ لے گا۔

زبُور ۸۶ : ۵

اس لئے کہ تُو یا رب! نیک اور معاف کرنے کو تیار ہے اور اپنے سب دُعا کرنے والوں پر شفقت میں غنی ہے۔

یعقوب ۴ : ۸

خدا کے نزدیک جاؤ تو وہ تمہارے نزدیک آئے گا۔

زبُور ۱۴۵ : ۱۸

خداوند اُن سب کے قریب ہے جو اُس سے دُعا کرتے ہیں یعنی اُن سب کے جو سچائی سے دُعا کرتے ہیں۔

یسعیاہ ۱ : ۱۸

اب خداوند فرماتا ہے آؤ ہم باہم حجّت کریں۔ اگرچہ تمہارے گناہ قرمزی ہوں وہ برف کی مانند سفید ہو جائیں گے اور ہر چند وہ ارغوانی ہوں تو بھی اُون کی مانند اُجلے ہوں گے۔

متّی ۱۱ : ۲۸، ۲۹

اَے محنت اُٹھانے والو اور بوجھ سے دبے ہوئے لوگو سب میرے پاس آؤ۔ میں تم کو آرام دوں گا۔ میرا جُوا اپنے اوپر اُٹھا لو اور مجھ سے سیکھو کیونکہ مَیں حلیم ہوں اور دل کا فروتن؛ تو تمہاری جانیں آرام پائیں گی۔

یوحنّا ۶ : ۳۷

جو کوئی میرے پاس آئے گا اُسے مَیں ہرگز نکال نہ دُوں گا۔

# خُدا پاک ہے

خروج ۱۵ : ۱۱

معبودوں میں اے خداوند، تیری مانند کون ہے؟ کون ہے جو تیری مانند اپنے تقدّس کے باعث جلالی ہے؟

۱-سموئیل ۲ : ۲

خداوند کی مانند کوئی قُدّوس نہیں کیونکہ تیرے سوا اور کوئی ہے ہی نہیں۔

ایوب ۳۴ : ۱۰

یہ ہرگز ہو نہیں سکتا کہ خدا شرارت کا کام کرے اور قادرِ مطلق بدی کرے۔

یسعیاہ ۶ : ۳

قُدّوس قُدّوس قُدّوس رب الافواج ہے۔ ساری زمین اُسکے جلال سے معمور ہے۔

یسعیاہ ۵۷ : ۱۵

کیونکہ وہ جو عالی اور بلند ہے اور ابدالآباد تک قائم ہے جس کا نام قُدّوس ہے یوں فرماتا ہے کہ مَیں بلند اور مُقدّس مقام میں رہتا ہوں۔

زبُور ۱۴۵ : ۱۷

خداوند اپنی سب راہوں میں صادق اور اپنے سب کاموں میں رحیم ہے۔

مرقس ۱۰ : ۱۸

کوئی نیک نہیں مگر ایک یعنی خدا۔

مکاشفہ ۱۵ : ۴

اَے خداوند! کون تجھ سے نہ ڈرے گا؟ اور کون تیرے نام کی تمجید نہ کرے گا؟ کیونکہ صرف تُو ہی قُدّوس ہے۔

# خدا کے لوگوں کو پاک زندگی بسر کرنی چاہئے

یعقوب ۲: ۱۹، ۲۰؛ ۱ : ۲۲

تُو اس بات پر ایمان رکھتا ہے کہ خدا ایک ہی ہے ۔ خیر، اچھا کرتا ہے ۔ شیاطین بھی ایمان رکھتے اور تھرتھراتے ہیں ۔ مگر اے نکمّے آدمی! کیا تُو یہ بھی نہیں جانتا کہ ایمان بغیر اعمال کے بے کار ہے ۔

لیکن کلام پر عمل کرنے والے بنو نہ محض سننے والے جو اپنے آپ کو دھوکا دیتے ہیں ۔

۱ ۔ یوحنّا ۲: ۴؛ ۳ : ۱۰

جو کوئی یہ کہتا ہے کہ مَیں اُسے جان گیا ہُوں اور اُس کے حکموں پر عمل نہیں کرتا وہ جھوٹا ہے اور اُس میں سچّائی نہیں ۔ اسی سے خدا کے فرزند اور ابلیس کے فرزند ظاہر ہوتے ہیں ۔ جو کوئی راستبازی کے کام نہیں کرتا وہ خدا سے نہیں اور وہ بھی نہیں جو اپنے بھائی سے محبّت نہیں رکھتا ۔

امثال ۱۵ : ۹

شریروں کی رَوِش سے خداوند کو نفرت ہے پر وُہ صداقت کے پَیرَو سے محبّت رکھتا ہے ۔

عبرانیوں ۱۲ : ۱۴

سب کے ساتھ میل ملاپ رکھنے اور اُس پاکیزگی کے طالب رہو جس کے بغیر کوئی خداوند کو نہ دیکھے گا ۔

۱ ۔ پطرس ۱ : ۱۵

جس طرح تمہارا بلانے والا پاک ہے اُسی طرح تم بھی اپنے سارے چال چلن میں پاک بنو ۔

عاموس ۵ : ۱۴

بدی کے نہیں بلکہ نیکی کے طالب ہو تاکہ زندہ رہو اور خداوند رب الافواج تمہارے ساتھ رہے گا جیسا کہ تم کہتے ہو ۔

# وُہ باتیں جِن کا خُدا حُکم دیتا ہے

میکاہ ۶ : ۸

خداوند تجھ سے اِس کے سوا کیا چاہتا ہے کہ تو انصاف کرے اور رحمدلی کو عزیز رکھے اور اپنے خدا کے حضور فروتنی سے چلے۔

احبار ۱۹ : ۲

تم پاک رہو کیونکہ میں جو خداوند تمہارا خدا ہوں پاک ہوں۔

لُوقا ۱۰ : ۲۷

خداوند اپنے خدا سے اپنے سارے دِل اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری طاقت اور اپنی ساری عقل سے محبّت رکھ اور اپنے پڑوسی سے اپنے برابر محبّت رکھ۔

مرقس ۱۰ : ۱۹

تُو حکموں کو تو جانتا ہے۔ خُون نہ کر۔ زنا نہ کر۔ چوری نہ کر۔ جھوٹی گواہی نہ دے۔ فریب دے کر نقصان نہ کر۔ اپنے باپ کی اور اپنی ماں کی عزّت کر۔

رومیوں ۱۲ : ۲

اُور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صورت بدلتے جاؤ۔

یشوع ۱ : ۸

شریعت کی یہ کتاب تیرے منہ سے نہ ہٹے بلکہ تجھے دن اور رات اِسی کا دھیان ہو تاکہ جو کچھ اِس میں لکھا ہے اُس سب پر تُو احتیاط کر کے عمل کر سکے کیونکہ تب ہی تجھے اقبالمندی کی راہ نصیب ہو گی اور تُو خوب کامیاب ہو گا۔

مرقس ۱۱ : ۲۲

خدا پر ایمان رکھو۔

# وُہ باتیں جِن سے خُدا نفرت کرتا ہے

امثال ۶ : ۱۶-۱۹

چھ چیزیں ہیں جن سے خداوند کو نفرت ہے بلکہ سات ہیں جن سے اُسے کرا ہیّت ہے - اُونچی آنکھیں۔ جھُوٹی زبان۔ بے گناہ کا خُون بہانے والے ہاتھ۔ بُرے منصوبے باندھنے والا دل۔ شرارت کے لئے تیز رَو پاؤں۔ جھُوٹا گواہ جو دروغ گوئی کرتا ہے اور جو بھائیوں میں نفاق ڈالتا ہے۔

یسعیاہ ۶۱ : ۸

مَیں خداوند انصاف کو عزیز رکھتا ہوں اور غارت گری اور ظلم سے نفرت کرتا ہوں۔

مکاشفہ ۲۱ : ۸

مگر بُزدلوں اور بے ایمانوں اور گھنونے لوگوں اور خونیوں اور حرامکاروں اور جادوگروں اور بُت پرستوں اور سب جھُوٹوں کا حصّہ آگ اور گندھک سے جلنے والی جھیل میں ہوگا۔ یہ دوسری موت ہے۔

ملاکی ۲ : ۱۵، ۱۶

پس تم اپنے نفس سے خبردار رہو اور کوئی اپنی جوانی کی بیوی سے بے وفائی نہ کرے۔ کیونکہ خداوند اسرائیل کا خدا فرماتا ہے مَیں طلاق سے بیزار ہُوں۔

زکریاہ ۸ : ۱۷

تم میں سے کوئی اپنے بھائی کے خلاف دِل میں بُرا منصوبہ نہ باندھے اور جھوٹی قسم کو عزیز نہ رکھے کیونکہ میں اِن سب باتوں سے نفرت رکھتا ہوں، خداوند فرماتا ہے۔

# لوگ خُدا کے تقاضوں پر پُورے نہیں اُترتے

یوحنّا ۵ : ۴۲

لیکن مَیں تم کو جانتا ہوں کہ تُم میں خدا کی محبّت نہیں۔

یعقوب ۲ : ۱۰

کیونکہ جس نے ساری شریعت پر عمل کیا اور ایک ہی بات میں خطا کی وہ سب باتوں میں قصوروار ٹھہرا۔

یسعیاہ ۶ : ۵

تب میں بول اُٹھا کہ مجھ پر افسوس! مَیں تو برباد ہوُا! کیونکہ میرے ہونٹ ناپاک ہیں اور نجس لب لوگوں میں بستا ہوں کیونکہ میری آنکھوں نے بادشاہ ربُ الافواج کو دیکھا۔

یعقوب ۴ : ۱۷

پس جو کوئی بھلائی کرنا جانتا ہے اور نہیں کرتا اُس کے لئے یہ گناہ ہے۔

رومیوں ۳ : ۱۰

چنانچہ لِکھا ہے کہ کوئی راستباز نہیں۔ ایک بھی نہیں۔

رومیوں ۳ : ۲۳

اس لئے کہ سب نے گناہ کیا اور خدا کے جلال سے محروم ہیں۔

۱۔یوحنّا ۳ : ۱۰

جو کوئی راستبازی کے کام نہیں کرتا وہ خدا سے نہیں اور وہ بھی نہیں جو اپنے بھائی سے محبّت نہیں رکھتا۔

یسعیاہ ۵۳ : ۶

ہم سب بھیڑوں کی مانند بھٹک گئے۔ ہم میں سے ہر ایک اپنی راہ کو پھرا۔

۱۔سموئیل ۶ : ۲۰

کس کی مجال ہے کہ اِس خداوند خدائے قدّوس کے آگے کھڑا ہو۔

# ہمارے کام خُدا کو خوش نہیں کر سکتے

رومیوں ۱۰ : ۲، ۳

مَیں اُن کا گواہ ہوں کہ وہ خدا کے بارے میں غیرت تو رکھتے ہیں مگر سمجھ کے ساتھ نہیں۔ اس لئے کہ وہ خدا کی راستبازی سے ناواقف ہو کر اور اپنی راستبازی قائم کرنے کی کوشش کر کے خدا کی راستبازی کے تابع نہ ہوئے۔

یسعیاہ ۶۴ : ۶

اور ہم تو سب کے سب ایسے ہیں جیسے ناپاک چیز اور ہماری تمام راستبازی ناپاک لباس کی مانند ہے۔

حزقی ایل ۳۳ : ۱۳

جب میں صادق سے کہوں کہ تُو یقیناً زندہ رہے گا، اگر وہ اپنی صداقت پر تکیہ کر کے بدکرداری کرے تو اُس کی صداقت کے کام فراموش ہو جائیں گے اور وہ اُس بدکرداری کے سبب سے جو اُس نے کی ہے مرے گا۔

رومیوں ۸ : ۸

اور جو جسمانی ہیں وُہ خدا کو خوش نہیں کر سکتے۔

رومیوں ۳ : ۲۰

کیونکہ شریعت کے اعمال سے کوئی بشر اُس کے حضور راستباز نہیں ٹھہرے گا۔

۲۔ کرنتھیوں ۳ : ۵

یہ نہیں کہ بذاتِ خود ہم اس لائق ہیں کہ اپنی طرف سے کچھ خیال بھی کر سکیں بلکہ ہماری لیاقت خدا کی طرف سے ہے۔

# گُناہ ہمیں خُدا سے جُدا کر دیتا ہے

رومیوں ۵ : ۱۲

پس جس طرح ایک آدمی کے سبب سے گناہ دُنیا میں آیا اور گناہ کے سبب سے موت آئی اور یُوں موت سب آدمیوں میں پھیل گئی اس لئے کہ سب نے گناہ کیا۔

یعقوب ۱ : ۱۵

پھر خواہش حاملہ ہو کر گناہ کو جنتی ہے اور گناہ جب بڑھ چکا تو موت پیدا کرتا ہے۔

حزقی ایل ۱۸ : ۲۰

جو جان گناہ کرتی ہے وہی مرے گی۔

یسعیاہ ۵۹ : ۲

تمہاری بدکرداری نے تمہارے اور تمہارے خدا کے درمیان جُدائی کر دی ہے اور تمہارے گناہوں نے اُسے تم سے روپوش کیا ایسا کہ وہ نہیں سُنتا۔

امثال ۱۱ : ۱۹

صداقت پر قائم رہنے والا زندگی حاصل کرتا ہے اور بدی کا پَیرو اپنی مَوت کو پہنچتا ہے۔

۲-تواریخ ۲۴ : ۲۰

خداوند یُوں فرماتا ہے کہ تم کیوں خداوند کے حکموں سے باہر جاتے ہو کہ یوں خوشحال نہیں رہ سکتے ؟ چونکہ تم نے خداوند کو چھوڑا ہے۔ اُس نے بھی تم کو چھوڑ دیا۔

۱-سموئیل ۱۵ : ۲۳

کیونکہ بغاوت اور جادوگری برابر ہیں اور سرکشی ایسی ہی ہے جیسی مُورتوں اور بُتوں کی پرستش۔ سو چونکہ تُو نے خداوند کے حکم کو رد کیا ہے اس لئے اُس نے بھی تجھے رد کیا . . . ۔

# گُناہ پر خُدا کا غضب ہے

زبُور ۷ : ۱۱

خدا صادق مُنصِف ہے بلکہ اَیسا خدا جو ہر روز قہر کرتا ہے۔

ناحوم ۱ : ۳

خداوند قہر کرنے میں دِھیما اور قدرت میں بڑھ کر ہے اور مجرم کو ہرگز بری نہ کرے گا۔

کُلسیّوں ۳ : ۶

اُن ہی کے سبب سے خدا کا غضب نافرمانی کے فرزندوں پر نازل ہوتا ہے۔

رومیوں ۱ : ۱۸

کیونکہ خدا کا غضب اُن آدمیوں کی تمام بے دینی اور ناراستی پر آسمان سے ظاہر ہوتا ہے جو حق کو ناراستی سے دبائے رکھتے ہیں۔

رومیوں ۱ : ۲۹ - ۳۲

پس وہ ہر طرح کی ناراستی، بدی، لالچ اور بدخواہی سے بھر گئے اور حسد، خونریزی، جھگڑے، مکّاری اور بُغض سے معمور ہو گئے اور غیبت کرنے والے۔ بدگو، خدا کی نظر میں نفرتی، اوروں کو بے عزّت کرنے والے، مغرور، شیخی باز، بدیوں کے بانی، ماں باپ کے نافرمان۔ بیوقوف، عہدشکن، طبعی محبّت سے خالی اور بے رحم ہو گئے۔ حالانکہ وہ خدا کا یہ حکم جانتے ہیں کہ ایسے کام کرنے والے موت کی سزا کے لائق ہیں پھر بھی نہ فقط آپ ہی ایسے کام کرتے ہیں بلکہ اور کرنے والوں سے بھی خوش ہوتے ہیں۔

# آئندہ عدالت ہے

عبرانیوں ۹ : ۲۷

آدمیوں کے لئے ایک بار مرنا اور اُس کے بعد عدالت کا ہونا مقرر ہے۔

مکاشفہ ۲۰ : ۱۲، ۱۵

پھر میں نے چھوٹے بڑے سب مُردوں کو اُس تخت کے سامنے کھڑے ہوئے دیکھا اور کتابیں کھولی گئیں۔ پھر ایک اور کتاب کھولی گئی یعنی کتابِ حیات اور جس طرح اُن کتابوں میں لکھا ہؤا تھا اُن کے اعمال کے مطابق مُردوں کا انصاف کیا گیا۔ اور جس کسی کا نام کتابِ حیات میں لکھا ہؤا نہ ملا وہ آگ کی جھیل میں ڈالا گیا۔

عبرانیوں ۱۰ : ۳۱

زندہ خدا کے ہاتھوں میں پڑنا ہولناک بات ہے۔

متّی ۱۲ : ۳۶

مَیں تم سے کہتا ہوں کہ جو نکمّی بات لوگ کہیں گے، عدالت کے دن اُس کا حساب دیں گے۔

واعظ ۱۲ : ۱۴

کیونکہ خدا ہر ایک فعل کو ہر ایک پوشیدہ چیز کے ساتھ خواہ بھلی ہو خواہ بُری عدالت میں لائے گا۔

متّی ۱۳ : ۴۹، ۵۰

دنیا کے آخر میں ایسا ہی ہوگا۔ فرشتے نکلیں گے اور شریروں کو راستبازوں میں سے جدا کریں گے اور اُن کو آگ کی بھٹّی میں ڈال دیں گے۔ وہاں رونا اور دانت پیسنا ہوگا۔

# ہم خُدا سے چھُپ نہیں سکتے

امثال ۱۵ : ۳

خداوند کی آنکھیں ہر جگہ ہیں اور نیکوں اور بدوں کی نگران ہیں۔

زبُور ۱۳۹ : ۱-۴

اَے خداوند! تُو نے مجھے جانچ لیا اور پہچان لیا۔ تُو میرا اُٹھنا بیٹھنا جانتا ہے۔ تُو میرے خیال کو دُور سے سمجھ لیتا ہے۔ تُو میرے راستہ کی اور میری خوابگاہ کی چھان بین کرتا ہے اور میری سب روشوں سے واقف ہے۔ دیکھ! میری زبان پر کوئی ایسی بات نہیں جِسے تُو اے خداوند! پورے طور پر نہ جانتا ہو۔

۱-سموئیل ۱۶ : ۷

کیونکہ خداوند انسان کی مانند نظر نہیں کرتا اس لئے کہ انسان ظاہری صورت کو دیکھتا ہے پر خداوند دِل پر نظر کرتا ہے۔

زبُور ۹۴ : ۹

جس نے کان دیا کیا وہ خود نہیں سُنتا؟ جِس نے آنکھ بنائی کیا وہ دیکھ نہیں سکتا؟

یرمیاہ ۱۶ : ۱۷

کیونکہ میری آنکھیں اُن کی سب رَوِشوں پر لگی ہیں۔ وہ مجھ سے پوشیدہ نہیں ہیں اور اُن کی بدکرداری میری آنکھوں سے چھپی نہیں۔

عبرانیوں ۴ : ۱۳

اَور اُس سے مخلوقات کی کوئی چیز چھپی نہیں بلکہ جِس سے ہم کو کام ہے اُس کی نظروں میں سب چیزیں کھُلی اور بے پردہ ہیں۔

# گناہ سے بچنے کی ضرورت ہے

حزقی ایل ۱۸ : ۲۳

خداوند خدا فرماتا ہے کیا شریر کی موت میں میری خوشی ہے اور اِس میں نہیں کہ وہ اپنی روش سے باز آئے اور زندہ رہے ؟

لُوقا ۱۳ : ۳

میں تم سے کہتا ہوں کہ نہیں بلکہ اگر تم توبہ نہ کرو گے تو سب اِسی طرح ہلاک ہو گے ۔

امثال ۲۸ : ۱۳

جو اپنے گناہوں کو چھپاتا ہے کامیاب نہ ہو گا لیکن جو اُن کا اقرار کر کے اُن کو ترک کرتا ہے اُس پر رحمت ہو گی ۔

یوایل ۲ : ۱۲،۱۳

لیکن خداوند فرماتا ہے اب بھی پورے دِل سے اور روزہ رکھ کر اور گریہ وزاری و ماتم کرتے ہوئے میری طرف رجوع لاؤ ۔ اور اپنے کپڑوں کو نہیں بلکہ دلوں کو چاک کر کے خداوند اپنے خدا کی طرف متوجّہ ہو کیونکہ وہ رحیم و مہربان ، قہر کرنے میں دھیما اور شفقت میں غنی ہے ۔

ہوسیع ۱۴ : ۲

کلام لے کر خداوند کی طرف رجُوع لاؤ اور کہو ہماری تمام بدکرداری کو دُور کر اور فضل سے ہم کو قبول فرما ۔

ایوب ۳۳ : ۲۷،۲۸

وہ لوگوں کے سامنے گانے اور کہنے لگتا ہے کہ میں نے گناہ کیا اور حق کو اُلٹ دیا ..... اُس نے میری جان کو گڑھے میں جانے سے بچایا اور میری زندگی روشنی کو دیکھے گی ۔

# توبہ کرنے سے معافی ملتی ہے

یسعیاہ ۵۵: ۶، ۷

جب تک خداوند مل سکتا ہے اُس کے طالب ہو۔ جب تک وہ نزدیک ہے اُسے پکارو۔ شریر اپنی راہ کو ترک کرے اور بدکردار اپنے خیالوں کو اور وہ خداوند کی طرف پھرے اور وہ اُس پر رحم کرے گا اور ہمارے خدا کی طرف کیونکہ وہ کثرت سے معاف کرے گا۔

زبُور ۳۴ : ۱۸

خداوند شکستہ دِلوں کے نزدیک ہے اور خستہ جانوں کو بچاتا ہے۔

یرمیاہ ۳۶ : ۳

وہ سب اپنی بُری رَوِش سے باز آئیں اور مَیں اُن کی بدکرداری اور گناہ کو معاف کروں۔

زبُور ۳۲ : ۵

مَیں نے تیرے حضور اپنے گناہ کو مان لیا اور اپنی بدکاری کو نہ چھپایا۔ مَیں نے کہا مَیں خداوند کے حضور اپنی خطاؤں کا اقرار کروں گا اور تُو نے میرے گناہ کی بدی کو معاف کیا۔

۱۔ یوحنّا ۱ : ۹

اگر اپنے گناہوں کا اقرار کریں تو وُہ ہمارے گناہوں کے معاف کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچّا اور عادل ہے۔

اعمال ۳ : ۱۹

پس توبہ کرو اور رجوع لاؤ تاکہ تمہارے گناہ مٹائے جائیں۔

نوٹ :۔ توبہ کا مطلب گناہ کی طرف سے مڑنا اور اُس کا خدا کے سامنا اقرار کرنا ہے۔

# خُدا سے میل ملاپ کیلئے قُربانی کی ضرُورت ہے

(صفحہ ۱۴ کے ساتھ مقابلہ کیجیئے)

احبار ۱: ۴؛ ۱۷: ۱۱

وہ سوختنی قربانی کے جانور کے سَر پر اپنا ہاتھ رکھے۔ تب وہ اُس کی طرف سے مقبول ہوگا تاکہ اُس کے لئے کفّارہ ہو کیونکہ جسم کی جان خون میں ہے اور مَیں نے مذبح پر تمہاری جانوں کے کفّارہ کے لئے اُسے تم کو دیا ہے کہ اُس سے تمہاری جانوں کے لئے کفّارہ ہو کیونکہ جان رکھنے ہی کے سبب سے خون کفّارہ دیتا ہے۔

عبرانیوں ۹ : ۲۲

اور تقریباً سب چیزیں شریعت کے مطابق خون سے پاک کی جاتی ہیں اور بغیر خون بہائے معافی نہیں ہوتی۔

خروج ۱۲ : ۵، ۱۳

تمہارا برّہ بے عیب اور یک سالہ نر ہو... اور جن گھروں میں تم ہو اُن پر وُہ خون تمہاری طرف سے نشان ٹھہرے گا اور مَیں اُس خُون کو دیکھ کر تم کو چھوڑتا جاؤں گا اور جب مَیں مصریوں کو ماروں گا تو وبا تمہارے پاس پھٹکنے کی بھی نہیں کہ تُم کو ہلاک کرے۔

پیدائش ۲۲ : ۸، ۱۳

ابرہام نے کہا، اَے میرے بیٹے خدا آپ ہی اپنے واسطے سوختنی قربانی کے لئے برّہ مہیّا کرے گا.... اور ابرہام نے نگاہ کی اور اپنے پیچھے ایک مینڈھا دیکھا جس کے سینگ جھاڑی میں اٹکے تھے۔ تب ابرہام نے جاکر اُس مینڈھے کو پکڑا اور اپنے بیٹے کے بدلے سوختنی قربانی کے طور پر چڑھایا۔

# یسوؔع ، خدا کا مہیّا کردہ برّہ ہے

یوحنّا ۱ : ۲۹

دوسرے دِن اُس نے یسوؔع کو اپنی طرف آتے دیکھ کر کہا دیکھو یہ خدا کا برّہ ہے جو دنیا کا گناہ اُٹھا لے جاتا ہے۔

یسعیاہ ۵۳ : ۶ ، ۷

خداوند نے ہم سب کی بدکرداری اُس پر لادی۔ وہ ستایا گیا تو بھی اُس نے برداشت کی اور مُنہ نہ کھولا۔ جس طرح برّہ جسے ذبح کرنے کو لے جاتے ہیں اور جس طرح بھیڑ اپنے بال کترنے والوں کے سامنے بے زبان ہے اُسی طرح وہ خاموش رہا۔

عبرانیوں ۹ : ۱۲، ۲۸

اور بکروں اور بچھڑوں کا خون لے کر نہیں بلکہ اپنا ہی خون لے کر پاک مکان میں ایک ہی بار داخل ہو گیا اور ابدی خلاصی کرائی۔ اُسی طرح مسیح بھی ایک بار بہت لوگوں کے گناہ اٹھانے کے لئے قربان ہو کر ۔۔۔ اُن کو دکھائی دے گا جو اُس کی راہ دیکھتے ہیں۔

۱۔پطرس ۱ : ۱۸ ، ۱۹

کیونکہ تُم جانتے ہو کہ تمہارا نِکمّا چال چلن جو باپ دادا سے چلا آتا تھا اُس سے تمہاری خلاصی فانی چیزوں یعنی سونے چاندی کے ذریعہ سے نہیں ہوئی بلکہ ایک بے عیب اور بے داغ برّے یعنی مسیح کے بیش قیمت خون سے۔

عبرانیوں ۹ : ۱۴

مسیح کا خون جس نے اپنے آپ کو ازلی رُوح کے وسیلہ سے خدا کے سامنے بے عیب قربان کر دیا تمہارے دِلوں کو مُردہ کاموں سے کیوں نہ پاک کرے گا تاکہ زندہ خدا کی عبادت کریں۔

# صرف خُدا ہی مخلصی مہیا کرتا ہے

رومیوں ۳: ۲۴، ۲۵

مگر اُس کے فضل کے سبب سے اُس مخلصی کے وسیلہ سے جو مسیح یسوؔع میں ہے مفت راستباز ٹھہرائے جاتے ہیں۔ اُسے خدا نے اُس کے خون کے باعث ایک ایسا کفّارہ ٹھہرایا جو ایمان لانے سے فائدہ مند ہو۔

رومیوں ۵: ۸، ۹

لیکن خدا اپنی محبّت کی خوبی ہم پر یُوں ظاہر کرتا ہے کہ جب ہم گنہگار ہی تھے تو مسیح ہماری خاطر مُؤا۔ پس جب ہم اُس کے خون کے باعث اب راستباز ٹھہرے تو اُس کے وسیلہ سے غضبِ الٰہی سے ضرور ہی بچیں گے۔

گلتیوں ۲: ۱۶

یہ جان کر کہ آدمی شریعت کے اعمال سے نہیں بلکہ صرف یسوؔع مسیح پر ایمان لانے سے راستباز ٹھہرتا ہے خود بھی مسیح یسوؔع پر ایمان لائے۔

افسیوں ۲: ۸، ۹

تم کو ایمان کے وسیلہ سے فضل ہی سے نجات ملی ہے اور یہ تمہاری طرف سے نہیں، خدا کی بخشش ہے۔ اور نہ اعمال کے سبب سے ہے تاکہ کوئی فخر نہ کرے۔

اعمال ۱۰: ۴۳

اِس شخص کی سب نبی گواہی دیتے ہیں کہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے گا اُس کے نام سے گناہوں کی معافی حاصل کرے گا۔

اعمال ۴: ۱۲

اور کسی دوسرے کے وسیلے سے نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرا نام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات پا سکیں۔

# یسوؔع کی پیدائش کا اعلان

لوقا ۱: ۲۶-۳۸

جبرائیل فرشتہ خدا کی طرف سے گلیل کے ایک شہر میں جس کا نام ناصرؔۃ تھا ایک کنواری کے پاس بھیجا گیا جس کی منگنی داؔؤد کے گھرانے کے ایک مرد یوسؔف نام سے ہوئی تھی اور اُس کنواری کا نام مریم تھا۔ اور فرشتہ نے اُس کے پاس اندر آکر کہا سلام تجھ کو جس پر فضل ہُوا ہے! خداوند تیرے ساتھ ہے۔ وہ اِس کلام سے بہت گھبرا گئی اور سوچنے لگی کہ یہ کیسا سلام ہے۔ فرشتہ نے اُس سے کہا اے مریم! خوف نہ کر کیونکہ خدا کی طرف سے تجھ پر فضل ہُوا ہے۔ اَور دیکھ تُو حاملہ ہوگی اور تیرے بیٹا ہوگا۔ اُس کا نام یسوؔع رکھنا۔ وہ بزرگ ہوگا اور خدا تعالےٰ کا بیٹا کہلائے گا اور خداوند خدا اُس کے باپ داؔؤد کا تخت اُسے دیگا۔ اَور وہ یعقوؔب کے گھرانے پر ابد تک بادشاہی کرے گا اور اُس کی بادشاہی کا آخر نہ ہوگا۔

مریم نے فرشتہ سے کہا یہ کیونکر ہوگا جب کہ مَیں مَرد کو نہیں جانتی اور فرشتہ نے جواب میں اُس سے کہا کہ رُوح القُدس تجھ پر نازل ہوگا اور خدا تعالےٰ کی قدرت تجھ پر سایہ ڈالے گی اور اس سبب سے وہ مولودِ مُقدّس خدا کا بیٹا کہلائے گا اور دیکھ تیری رشتہ دار الیشؔبع کے بھی بڑھاپے میں بیٹا ہونے والا ہے اور اب اُس کو جو بانجھ کہلاتی تھی چھٹا مہینہ ہے۔ کیونکہ جو قول خدا کی طرف سے ہے وہ ہرگز بے تاثیر نہ ہوگا۔ مریم نے کہا دیکھ میں خداوند کی بندی ہوں۔ میرے لئے تیرے قول کے موافق ہو۔ تب فرشتہ اُس کے پاس سے چلا گیا۔

نوٹ:۔ اِس دنیا میں صرف آدؔم اور مسیح ہی ایسے ہیں جو جنسی تعلقات کے بغیر پیدا ہوئے۔
آدؔم کے وسیلہ سے گناہ دنیا میں آیا، لیکن یسوؔع نے گناہ پر فتح پائی۔

# یسوؔع، حقیقت میں کون ہے

فلپیّوں ۲ : ۶، ۸

اُس نے اگرچہ خدا کی صورت پر تھا خدا کے برابر ہونے کو قبضہ میں رکھنے کی چیز نہ سمجھا" اور انسانی شکل میں ظاہر ہوکر اپنے آپ کو پست کر دیا اور یہاں تک فرمانبردار رہا کہ موت بلکہ صلیبی موت گوارا کی۔

یوحنّا ۱۰ : ۳۰،۳۶

مَیں اور باپ ایک ہیں۔ ... تم اُس شخص سے جسے باپ نے مُقدّس کر کے دنیا میں بھیجا کہتے ہو کہ تُو کُفر بکتا ہے اس لئے کہ مَیں نے کہا مَیں خدا کا بیٹا ہوں۔

نوٹ :- یسوؔع مسیح، خدا کا ابدی کلام ازل سے ہے۔ ایک معجزہ کے ذریعہ وہ مریم سے پیدا ہُوا جسمانی طور پر وہ ابنِ آدم ہے لیکن روحانی طور پر وہ خدا کا بیٹا ہے۔ پاک کلام میں لفظ "بیٹا" خدا اور اس کے کلام یعنی یسوؔع مسیح میں تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔

عبرانیوں ۱۰ : ۵

اِسی لئے وہ دنیا میں آتے وقت کہتا ہے کہ تُو نے قربانی اور نذر کو پسند نہ کیا۔ بلکہ میرے لئے ایک بدن تیار کیا۔

رومیوں ۱ : ۴

لیکن پاکیزگی کی رُوح کے اعتبار سے مُردوں میں سے جی اُٹھنے کے سبب سے قدرت کے ساتھ خدا کا بیٹا ٹھہرا۔

یوحنّا ۲۰ : ۲۸

توماؔ نے جواب میں اُس سے کہا اے میرے خداوند! اے میرے خدا!

# یسوؔع، حقیقت میں کون ہے

۱۔تیمتھیس ۳ : ۱۶

اِس میں کلام نہیں کہ دینداری کا بھید بڑا ہے یعنی وہ .... جسم میں ظاہر ہُوا۔

کلسیّوں ۲ : ۹

اُلوہیّت کی ساری معموری اُسی میں مجسّم ہو کر سکونت کرتی ہے۔

یسعیاہ ۹ : ۶

ہمارے لئے ایک لڑکا تولّد ہوُا اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا اور سلطنت اُس کے کندھے پر ہوگی اور اُس کا نام عجیب مُشیر، خدائے قادر، ابدیّت کا باپ، سلامتی کا شہزادہ ہوگا۔

یوحنّا ۸ : ۵۸

یسوؔع نے اُن سے کہا .... پیشتر اُس سے کہ ابرہؔام پیدا ہُوا میں ہوں۔

یوحنّا ۱ : ۴، ۹-۱۰

اُس میں زندگی تھی اور وہ زندگی آدمیوں کا نُور تھی۔ حقیقی نور جو ہر ایک آدمی کو روشن کرتا ہے دنیا میں آنے کو تھا۔ وہ دنیا میں تھا اور دنیا اُسکے وسیلہ سے پیدا ہوئی اور دنیا نے اُسے نہ پہچانا۔

۱۔تیمتھیس ۲ : ۵، ۶

خدا ایک ہے اور خدا اور انسان کے بیچ میں درمیانی بھی ایک یعنی مسیح یسوؔع جو انسان ہے۔ جس نے اپنے آپ کو سب کے فدیہ میں دیا کہ مناسب وقتوں پر اِس کی گواہی دی جائے۔

کلسیّوں ۱ : ۱۴، ۱۵

جس میں ہم کو مخلصی یعنی گناہوں کی معافی حاصل ہے۔ وہ اَندیکھے خدا کی صورت اور تمام مخلوقات سے پہلے مولود ہے۔

# بائبل (پاک نوشتے) خُدا کلام ہے

۲-پطرس ۱ : ۲۱

نبوّت کی کوئی بات آدمی کی خواہش سے کبھی نہیں ہوئی بلکہ آدمی رُوحُ القُدس کی تحریک کے سبب سے خدا کی طرف سے بولتے تھے۔

لُوقا ۱ : ۷۰، ۷۷

جیسا اُس نے اپنے پاک نبیوں کی زبانی کہا تھا جو کہ دنیا کے شروع سے ہوتے آئے ہیں۔ تاکہ اُس کی اُمّت کو نجات کا عِلم بخشے جو اُن کو گناہوں کی معافی سے حاصل ہو۔

۲-سموئیل ۲۳ : ۲

خداوند کی رُوح نے میری معرفت کلام کیا اور اُس کا سخن میری زبان پر تھا۔

استثنا ۶ : ۶

اور یہ باتیں جن کا حکم آج میں تجھے دیتا ہوں تیرے دِل پر نقش رہیں۔

۲-تیمتھیُس ۳ : ۱۶

ہر ایک صحیفہ جو خدا کے الہام سے ہے تعلیم اور الزام اور اصلاح اور راستبازی میں تربیّت کرنے کے لئے فائدہ مند بھی ہے۔

رومیوں ۱۵ : ۴

کیونکہ جتنی باتیں پہلے لِکھی گئیں وہ ہماری تعلیم کے لئے لِکھی گئیں تاکہ صبر سے اور کتابِ مُقدّس کی تسلّی سے اُمید رکھیں۔

متّی ۲۲ : ۲۹

تُم گمراہ ہو اس لئے کہ نہ کتابِ مُقدّس کو جانتے ہو نہ خدا کی قدرت کو۔

زبُور ۱۳۸ : ۲

کیونکہ تُو نے اپنے کلام کو اپنے ہر نام سے زیادہ عظمت دی ہے۔

# یسوؔع خُدا کا کلام ہے

مکاشفہ ۱۹ : ۱۳

وہ خون کی چھڑکی ہوئی پوشاک پہنے ہوئے ہے اور اس کا نام کلامِ خدا کہلاتا ہے۔

یوحنّا ۱ : ۱، ۱۴

ابتدا میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام خدا تھا۔ اور کلام مجسّم ہُوا اور فضل اور سچّائی سے معمور ہو کر ہمارے درمیان رہا۔

## یسوؔع خدا کا انکشاف کرتا ہے

۲۔ کرنتھیوں ۴ : ۶

خدا ہی ہے جس نے فرمایا کہ تاریکی میں سے نُور چمکے اور وہی ہمارے دلوں میں چمکا تاکہ خدا کے جلال کی پہچان کا نُور یسوؔع مسیح کے چہرہ سے جلوہ گر ہو۔

یوحنّا ۱ : ۱۸

خدا کو کسی نے کبھی نہیں دیکھا۔ اکلوتا بیٹا جو باپ کی گود میں ہے اُسی نے ظاہر کیا۔

## خدا یسوؔع کی معرفت کلام کرتا ہے

عبرانیوں ۱ : ۱، ۲

اگلے زمانہ میں خدا نے باپ دادا سے حِصّہ بہ حِصّہ اور طرح بہ طرح نبیوں کی معرفت کلام کر کے اِس زمانہ کے آخر میں ہم سے بیٹے کی معرفت کلام کیا جسے اُس نے سب چیزوں کا وارث ٹھہرایا اور جس کے وسیلے سے اُس نے عالم بھی پیدا کِئے۔

یوحنّا ۸ : ۳۸

مَیں نے جو اپنے باپ کے ہاں دیکھا ہے وہ کہتا ہوں۔

# تحریری اور زندہ کلام کا مقابلہ

## بائبل رُوح کے لئے غذا ہے

ایوب ۲۳ : ۱۲

مَیں نے اُس کے منہ کی باتوں کو اپنی ضروری خوراک سے بھی زیادہ ذخیرہ کیا۔

متّی ۴ : ۴

آدمی صرف روٹی ہی سے جیتا نہ رہے گا بلکہ ہر بات سے جو خدا کے منہ سے نکلتی ہے۔

## بائبل ہماری راہ روشن کرتی ہے

زبُور ۱۱۹ : ۱۰۵

تیرا کلام میرے قدموں کے لئے چراغ اور میری راہ کے لئے روشنی ہے۔

زبُور ۱۱۹ : ۱۳۰

تیری باتوں کی تشریح نُور بخشتی ہے۔ وہ سادہ دِلوں کو عقل مند بناتی ہے۔

## یسوؔع آسمانی روٹی ہے

یوحنّا ۶ : ۵۱، ۴۸

مَیں ہوں وہ زندگی کی روٹی جو آسمان سے اُتری۔ اگر کوئی اِس روٹی میں سے کھائے تو ابد تک زندہ رہے گا بلکہ جو روٹی مَیں جہان کی زندگی کے لئے دُوں گا وہ میرا گوشت ہے۔ زندگی کی روٹی مَیں ہوں۔

## یسوؔع دُنیا کا نُور ہے

یوحنّا ۱ : ۴؛ ۸ : ۱۲

اُس میں زندگی تھی اور وہ زندگی آدمیوں کا نُور تھی۔ یسوؔع نے پھر اُن سے مخاطب ہو کر کہا دُنیا کا نُور مَیں ہوں۔ جو میری پیروی کرے گا وہ اندھیرے میں نہ چلے گا بلکہ زندگی کا نُور پائے گا۔

# بائبل پھلدار زندگی کا موجب ہے

زبور ۱ : ۲ ، ۳

خداوند کی شریعت میں اُس کی خوشنودی ہے اور اُسی کی شریعت پر دن رات اُس کا دھیان رہتا ہے۔ وہ اُس درخت کی مانند ہوگا جو پانی کی ندیوں کے پاس لگایا گیا ہے۔ جو اپنے وقت پر پھلتا ہے اور جس کا پتّا بھی نہیں مرجھاتا۔ سو جو کچھ وہ کرے بارآور ہوگا۔

## یسوع پھلدار زندگی عطا کرتا ہے

یوحنّا ۱۵ : ۴ ، ۵

تم مجھ میں قائم رہو اور میں تم میں۔ جس طرح ڈالی اگر انگور کے درخت میں قائم نہ رہے تو اپنے آپ سے پھل نہیں لاسکتی اُسی طرح تم بھی اگر مجھ میں قائم نہ رہو تو پھل نہیں لاسکتے۔ مَیں انگور کا درخت ہوں، تم ڈالیاں ہو۔ جو مجھ میں قائم رہتا ہے اور مَیں اُس میں وہی بہت پھل لاتا ہے کیونکہ مجھ سے جدا ہو کر تم کچھ نہیں کرسکتے۔

# پاک نوشتے یسوع مسیح کے متعلق بتاتے ہیں

یوحنّا ۵ : ۳۹ ، ۴۶

تم کتابِ مُقدّس میں ڈھونڈتے ہو کیونکہ سمجھتے ہو کہ اُس میں ہمیشہ کی زندگی تمہیں ملتی ہے اور یہ وہ ہے جو میری گواہی دیتی ہے۔ کیونکہ اگر تم موسیٰ کا یقین کرتے تو میرا بھی یقین کرتے۔ اس لئے کہ اُس نے میرے حق میں لکھا ہے۔

لُوقا ۲۴ : ۲۷

پھر موسیٰ سے اور سب نبیوں سے شروع کر کے سب نوشتوں میں جتنی باتیں اُس کے حق میں لکھی ہوئی ہیں وہ اُن کو سمجھا دیں۔

# خُدا کا ابدی کلام لاتبدیل ہے

زبُور ۱۱۹ : ۸۹، ۱۶۰

اے خداوند! تیرا کلام آسمان پر ابد تک قائم ہے۔ تیرے کلام کا خلاصہ سچّائی ہے۔ تیری صداقت کے کُل احکام ابدی ہیں۔

یسعیاہ ۴۰ : ۸

ہاں گھاس مرجھاتی ہے۔ پھُول کملاتا ہے، پر ہمارے خدا کا کلام ابد تک قائم ہے۔

متّی ۵ : ۱۸

جب تک آسمان اور زمین ٹل نہ جائیں ایک نقطہ یا ایک شوشہ توریت سے ہرگز نہ ٹلے گا جب تک سب کچھ پورا نہ ہو جائے۔

یوحنّا ۱۰ : ۳۵

کتابِ مُقدّس کا باطل ہونا ممکن نہیں۔

# انسان بائبل مُقدّس کو تبدیل کرنیکی جُرأت نہ کرے

استثنا ۱۲ : ۳۲

جس جس بات کا میں حکم کرتا ہوں تم احتیاط کر کے اُس پر عمل کرنا اور تو اُس میں نہ تو کچھ بڑھانا اور نہ اُس میں سے کچھ گھٹانا۔

امثال ۳۰ : ۶

تُو اس کے کلام میں کچھ نہ بڑھانا۔ مبادا وہ تجھ کو تنبیہ کرے اور تو جھوٹا ٹھہرے۔

مکاشفہ ۲۲ : ۱۹

اور اگر کوئی اِس نبوّت کی کتاب کی باتوں میں سے کچھ نکال ڈالے تو خدا اُس زندگی کے درخت اور مُقدّس شہر میں سے جن کا اس کتاب میں ذکر ہے اُس کا حِصّہ نکال ڈالے گا۔

امثال ۱۳ : ۱۳

جو کلام کی تحقیر کرتا ہے اپنے آپ پر ہلاکت لاتا ہے۔

# یسوؔع کی موت نے خدا کے انتظام کو مکمل کیا

یوحنّا ۱۰ : ۱۷، ۱۸

باپ مجھ سے اس لئے محبّت رکھتا ہے کہ مَیں اپنی جان دیتا ہوں تاکہ اُسے پھر لے لوں۔ کوئی اُسے مجھ سے چھینتا نہیں بلکہ مَیں اُسے آپ ہی دیتا ہوں۔ مجھے اُس کے دینے کا بھی اختیار ہے اور اُسے پھر لینے کا بھی اختیار ہے۔

یوحنّا ۱۹ : ۱۱

یسوؔع نے اُسے جواب دیا کہ اگر تجھے اُوپر سے نہ دیا جاتا تو تیرا مجھ پر کچھ اختیار نہ ہوتا۔

متّی ۲۶: ۵۳، ۵۴

کیا تُو نہیں سمجھتا کہ مَیں اپنے باپ سے منّت کر سکتا ہوں اور وہ فرشتوں کے بارہ تُمن سے زیادہ میرے پاس ابھی موجود کر دے گا؟ مگر وہ نوشتے کہ یوُنہی ہونا ضرور ہے کیونکر پورے ہونگے؟

اعمال ۳ : ۱۸

مگر جن باتوں کی خدا نے سب نبیوں کی زبانی پیشتر خبر دی تھی کہ اُس کا مسیح دُکھ اُٹھائے گا وہ اُس نے اِسی طرح پوری کیں۔

اعمال ۲ : ۲۳

جب وہ خدا کے مقرّرہ انتظام اور علمِ سابق کے موافق پکڑوایا گیا تو تم نے بے شرع لوگوں کے ہاتھ سے اُسے مصلوب کرواکر مار ڈالا۔

یسعیاہ ۵۳ : ۱۰

لیکن خداوند کو پسند آیا کہ اُسے کُچلے۔ اُس نے اُسے غمگین کیا۔ جب اُس کی جان گناہ کی قربانی کے لئے گذرانی جائے گی۔

# یسوع کی موت کے بارے میں گواہوں نے اطلاع دی

مرقس ۱۵ : ۲۷، ۲۸

اور اُنہوں نے اُس کے ساتھ دو ڈاکو ایک اُس کی دہنی اور ایک اُس کی بائیں طرف مصلوب کیئے (تب اِس مضمون کا وہ نوشتہ کہ وہ بدکاروں میں گِنا گیا پورا ہُوا)۔

متّی ۲۷: ۴۵، ۵۰-۵۱، ۵۴

اور دوپہر سے لے کر تیسرے پہر تک تمام مُلک میں اندھیرا چھایا رہا۔ یسوع نے پھر بڑی آواز سے چلّا کر جان دے دی۔ اور مقدِس کا پردہ اُوپر سے نیچے تک پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا اور زمین لرزی اور چٹانیں تڑک گئیں۔ پس صوبہ دار اور جو اس کے ساتھ یسوع کی نگہبانی کرتے تھے بھونچال اور تمام ماجرا دیکھ کر بہت ہی ڈر کر کہنے لگے کہ بے شک یہ خدا کا بیٹا تھا۔

یوحنّا ۱۹ : ۳۲-۳۷

پس سپاہیوں نے آکر پہلے اور دوسرے شخص کی ٹانگیں توڑیں جو اُس کے ساتھ مصلوب ہوئے تھے لیکن جب اُنہوں نے یسوع کے پاس آکر دیکھا کہ وہ مر چکا ہے تو اُس کی ٹانگیں نہ توڑیں۔ مگر اُن میں سے ایک سپاہی نے بھالے سے اُس کی پسلی چھیدی اور فی الفور اُس سے خون اور پانی بہ نِکلا۔ جس نے یہ دیکھا ہے اُسی نے گواہی دی ہے اور اُس کی گواہی سچّی ہے اور وہ جانتا ہے کہ سچ کہتا ہے تاکہ تم بھی ایمان لاؤ۔ یہ باتیں اس لئے ہوئیں کہ یہ نوشتہ پُورا ہو کہ اُس کی کوئی ہڈی نہ توڑی جائے گی۔ پھر ایک اور نوشتہ کہتا ہے کہ جسے اُنہوں نے چھیدا اُس پر نظر کریں گے۔

# یسوؔع نے موت پر فتح پائی

اعمال ۲ : ۲۴، ۳۲

لیکن خدا نے مَوت کے بند کھول کر اُسے جلایا کیونکہ ممکن نہ تھا کہ وہ اُس کے قبضہ میں رہتا ۔ اِسی یسوؔع کو خدا نے جلایا جِس کے ہم سب گواہ ہیں ۔

عبرانیوں ۲ : ۱۴، ۱۵

پس جِس صورت میں کہ لڑکے خون اور گوشت میں شریک ہیں تو وہ خود بھی اُن کی طرح اُن میں شریک ہُؤا تاکہ موت کے وسیلہ سے اُس کو جِسے موت پر قدرت حاصل تھی یعنی ابلیس کو تباہ کر دے ۔ اور جو عُمر بھر موت کے ڈر سے غلامی میں گرفتار رہے اُنہیں چھُڑا لے ۔

۱۔ کرنتھیوں ۱۵ : ۵۵، ۵۷

اَے موت تیری فتح کہاں رہی ؟ اَے مَوت تیرا ڈنک کہاں رہا ؟ مگر خدا کا شکر ہے جو ہمارے خداوند یسوؔع کے وسیلہ سے ہم کو فتح بخشتا ہے ۔

مکاشفہ ۱ : ۱۸

مَیں مر گیا تھا اور دیکھ ابدالآباد زندہ رہوں گا اور موت اور عالمِ ارواح کی کُنجیاں میرے پاس ہیں ۔

۲۔ تیمتھیُس ۱ : ۱۰

مگر اب ہمارے مُنجّی مسیح یسوؔع کے ظہور سے ظاہر ہُؤا جس نے موت کو نیست اور زندگی اور بقا کو اُس خوشخبری کے وسیلہ سے روشن کر دیا ۔

# ہمیں یسوؔع مسیح کے ساتھ کیا کرنا چاہیئے؟

مکاشفہ ۳ : ۲۰

دیکھ مَیں دروازہ پر کھڑا ہؤا کھٹکھٹاتا ہوں۔ اگر کوئی میری آواز سُن کر دروازہ کھولیگا تو مَیں اُس کے پاس اندر جاکر اُس کے ساتھ کھانا کھاؤں گا اور وہ میرے ساتھ۔

رومیوں ۴ : ۵

مگر جو شخص کام نہیں کرتا بلکہ بیدین کے راستباز ٹھہرانے والے پر ایمان لاتا ہے اُس کا ایمان اُس کے لئے راستبازی گِنا جاتا ہے۔

یوحنّا ۲۰ : ۲۲؛ ۱۶ : ۲۴

اور اُن سے کہا رُوح القدُس لو ۔ ۔ ۔ ۔ مانگو تو پاؤ گے تاکہ تمہاری خوشی پُوری ہو جائے۔

رومیوں ۱۰ : ۹

اگر تُو اپنی زبان سے یسوؔع کے خداوند ہونے کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خدا نے اُسے مُردوں میں سے جلایا تو نجات پائے گا۔

متّی ۱۰ : ۳۷؛ ۱۶ : ۲۴، ۲۵

جو کوئی باپ یا ماں کو مجھ سے زیادہ عزیز رکھتا ہے وہ میرے لائق نہیں ۔ ۔ ۔ ۔ اُس وقت یسوؔع نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ اگر کوئی میرے پیچھے آنا چاہے تو اپنی خودی کا انکار کرے اور اپنی صلیب اُٹھائے اور میرے پیچھے ہولے۔ کیونکہ جو کوئی اپنی جان بچانا چاہے اُسے کھوئے گا اور جو کوئی میری خاطر اپنی جان کھوئے گا اُسے پائے گا۔

گلتیوں ۳ : ۲۹

اور اگر تم مسیح کے ہو تو ابرہاؔم کی نسل اور وعدہ کے مطابق وارث ہو۔

# ہمیں یسوع کے وسیلہ سے نئی زندگی ملتی ہے

۱۔یوحنّا ۵ : ۱۱، ۱۲

اور وہ گواہی یہ ہے کہ خدا نے ہمیں ہمیشہ کی زندگی بخشی اور یہ زندگی اُس کے بیٹے میں ہے۔جس کے پاس بیٹا ہے اُس کے پاس زندگی ہے اور جس کے پاس خدا کا بیٹا نہیں اُس کے پاس زندگی بھی نہیں۔

افسیوں ۲ : ۴، ۵

مگر خدا نے اپنے رحم کی دولت سے اُس بڑی محبّت کے سبب سے جو اُس نے ہم سے کی، جب قصوروں کے سبب سے مُردہ ہی تھے تو ہم کو مسیح کے ساتھ زندہ کیا (تم کو فضل ہی سے نجات ملی ہے)۔

گلتیوں ۲ : ۲۰

مَیں مسیح کے ساتھ مصلوب ہُوا ہوں اور اب مَیں زندہ نہ رہا بلکہ مسیح مجھ میں زندہ ہے۔ اور مَیں جو اب جسم میں زندگی گذارتا ہوں تو خدا کے بیٹے پر ایمان لانے سے گذارتا ہوں۔

رومیوں ۸ : ۲

کیونکہ زندگی کے رُوح کی شریعت نے مسیح یسوع میں مجھے گناہ اور موت کی شریعت سے آزاد کر دیا۔

۲۔کرنتھیوں ۵ : ۱۷

اس لئے اگر کوئی مسیح میں ہے تو وہ نیا مخلوق ہے۔پرانی چیزیں جاتی رہیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئیں۔

۱۔پطرس ۱ : ۲۳؛ ۲ : ۲

کیونکہ تم فانی تخم سے نہیں بلکہ غیر فانی سے خدا کے کلام کے وسیلہ سے جو زندہ اور قائم ہے نئے سرے سے پیدا ہُوئے ہو۔ نوزاد بچّوں کی مانند خالص روحانی دُودھ کے مشتاق رہو تاکہ اُس کے ذریعہ سے نجات حاصل کرنے کے لئے بڑھتے جاؤ۔

# خُدا اپنے لوگوں کا باپ ہے

زبُور ۶۸ : ۵

خدا اپنے مُقدّس مکان میں یتیموں کا باپ اور بیواؤں کا دادرَس ہے۔

یسعیاہ ۶۴ : ۸؛ ۶۳ : ۱۶

تو بھی اے خداوند! تُو ہمارا باپ ہے۔ہم مٹّی ہیں اور تُو ہمارا کمہار ہے اور ہم سب کے سب تیری دستکاری ہیں۔تُو اے خداوند ہمارا باپ اور فدِیہ دینے والا ہے۔تیرا نام ازل سے یہی ہے۔

ہوسیع ۱ : ۱۰

جہاں اُن سے یہ کہا جاتا تھا کہ تم میرے لوگ نہیں ہو زندہ خدا کے فرزند کہلائیں گے۔

متّی ۷ : ۱۱؛ ۶ : ۹

پس جب کہ تم بُرے ہو کر اپنے بچوں کو اچھی چیزیں دینا جانتے ہو تو تمہارا باپ جو آسمان پر ہے اپنے مانگنے والوں کو اچھی چیزیں کیوں نہ دے گا ؟ پس تم اس طرح دُعا کیا کرو کہ اے ہمارے باپ تُو جو آسمان پہ ہے تیرا نام پاک مانا جائے۔

۲۔کرنتھیوں ۶ : ۱۷، ۱۸

مَیں تم کو قبول کر لُوں گا اور تمہارا باپ ہوں گا اَور تم میرے بیٹے بیٹیاں ہو گے۔

رُومیوں ۸ : ۱۴

اس لئے کہ جتنے خدا کے رُوح کی ہدایت سے چلتے ہیں وہی خدا کے بیٹے ہیں۔

# یسوعؔ کے وسیلہ سے ہم خُدا کو باپ کے طور پر جانتے ہیں

یوحنّا ۱۴: ۶، ۷، ۲۳

یسوعؔ نے اُس سے کہا کہ راہ اور حق اور زندگی مَیں ہُوں۔ کوئی میرے وسیلے کے بغیر باپ کے پاس نہیں آتا۔ اگر تم نے مجھے جانا ہوتا تو میرے باپ کو بھی جانتے۔ اب اُسے جانتے ہو اور دیکھ لیا ہے۔ اگر کوئی مجھ سے محبّت رکھے تو وہ میرے کلام پر عمل کرے گا اور میرا باپ اُس سے محبّت رکھے گا اور ہم اُس کے پاس آئیں گے اور اُس کے ساتھ سکونت کریں گے۔

گلتیوں ۴: ۴-۷؛ ۳: ۲۶

خدا نے اپنے بیٹے کو بھیجا... ہم کو لے پالک ہونے کا درجہ ملے...اور چونکہ تم بیٹے ہو اس لئے خدا نے اپنے بیٹے کا رُوح ہمارے دلوں میں بھیجا جو ابّا یعنی اے باپ! کہہ کر پکارتا ہے۔ پس اب تُو غلام نہیں بلکہ بیٹا ہے اور جب بیٹا ہُوا تو خدا کے وسیلہ سے وارث بھی ہُوا۔ کیونکہ تم سب اس ایمان کے وسیلہ سے جو مسیح یسوعؔ میں ہے خدا کے فرزند ہو۔

یوحنّا ۱ : ۱۲

لیکن جتنوں نے اُسے قبول کیا اُس نے اُنہیں خدا کے فرزند بننے کا حق بخشا یعنی اُنہیں جو اُس کے نام پر ایمان لاتے ہیں۔

۱۔یوحنّا ۲ : ۱

اگر کوئی گناہ کرے تو باپ کے پاس ہمارا ایک مددگار موجود ہے یعنی یسوعؔ مسیح راستباز۔

افسیوں ۲ : ۱۸

کیونکہ اُسی کے وسیلے سے ہم دونوں کی ایک ہی رُوح میں باپ کے پاس رسائی ہوتی ہے۔

# یسوؔع محبّت، خوشی اور اطمینان دیتا ہے

ا-یوحنّا ۴ : ۸، ۱۶

جو محبّت نہیں رکھتا وہ خدا کو نہیں جانتا کیونکہ خدا محبّت ہے۔ جو محبت میں قائم رہتا ہے، وہ خدا میں قائم رہتا ہے اور خدا اُس میں قائم رہتا ہے۔

افسیوں ۴ : ۳۲

اَور ایک دوسرے پر مہربان اور نرم دِل ہو اور جس طرح خدا نے مسیح میں تمہارے قصور معاف کئے ہیں تم بھی ایک دوسرے کے قصور معاف کرو۔

یوحنّا ۱۳ : ۳۵

اگر آپس میں محبّت رکھو گے تو اِس سے سب جانیں گے کہ تم میرے شاگرد ہو۔

گلتیوں ۵ : ۲۲

مگر رُوح کا پھل محبّت۔ خوشی۔ اطمینان ۔ ۔ ۔ ہے۔

حبقوق ۳ : ۱۸

مَیں خداوند سے خوش رہوں گا اور اپنے نجات بخش خدا سے خوش وقت ہوں گا۔

زبُور ۱۶ : ۱۱

تُو مجھے زِندگی کی راہ دکھائے گا۔ تیرے حضور میں کامل شادمانی ہے۔ تیرے دہنے ہاتھ میں دائمی خوشی ہے۔

رومیوں ۵ : ۱

پس جب ہم ایمان سے راستباز ٹھہرے تو خدا کے ساتھ اپنے خداوند یسوؔع مسیح کے وسیلہ سے صلح رکھیں۔

یوحنّا ۱۴ : ۲۷

مَیں تمہیں اطمینان دیئے جاتا ہوں۔ اپنا اطمینان تمہیں دیتا ہوں۔ جس طرح دنیا دیتی ہے مَیں تمہیں اُس طرح نہیں دیتا۔ تمہارا دل نہ گھبرائے اور نہ ڈرے۔

# یسوع اپنے سچّے پیروکاروں کو دوبارہ زندہ کریگا

رومیوں ۸ : ۱۱

اگر اُسی کا رُوح تم میں بسا ہُوا ہے جس نے یسوع کو مُردوں میں سے جلایا تو جس نے مسیح یسوع کو مُردوں میں سے جلایا وہ تمہارے فانی بدنوں کو بھی اپنے اُس رُوح کے وسیلہ سے زندہ کرے گا جو تم میں بسا ہُوا ہے۔

۱-کرنتھیوں ۶ : ۱۴

اور خدا نے خداوند کو بھی جلایا اور ہم کو بھی اپنی قدرت سے جلائے گا۔

یوحنّا ۶ : ۴۰

کیونکہ میرے باپ کی مرضی یہ ہے کہ جو کوئی بیٹے کو دیکھے اور اُس پر ایمان لائے ہمیشہ کی زندگی پائے۔ اور مَیں اُسے آخری دِن پھر زندہ کروں گا۔

یوحنّا ۱۱ : ۲۵،۲۶

یسوع نے اُس سے کہا قیامت اور زندگی تو مَیں ہوں۔ جو مجھ پر ایمان لاتا ہے گو وہ مر جائے تو بھی زندہ رہے گا۔ اور جو کوئی زندہ ہے اور مجھ پر ایمان لاتا ہے وہ ابدتک کبھی نہ مرے گا۔

۱-کرنتھیوں ۱۵ : ۲۱-۲۳

کیونکہ جب آدمی کے سبب سے موت آئی تو آدمی ہی کے سبب سے مُردوں کی قیامت بھی آئی اور جیسے آدم میں سب مرتے ہیں ویسے ہی مسیح میں سب زندہ کئے جائیں گے۔ لیکن ہر ایک اپنی اپنی باری سے پہلا پھل مسیح پھر مسیح کے آنے پر اُس کے لوگ۔

یوحنّا ۱۴ : ۱۹

چونکہ مَیں جیتا ہوں تم بھی جیتے رہو گے۔

# اِس بڑی نجات سے غافل نہ رہیں

عبرانیوں ۱۰: ۲۸، ۲۹

جب موسیٰ کی شریعت کا نہ ماننے والا دو یا تین شخصوں کی گواہی سے بغیر رحم کئے مارا جاتا ہے تو خیال کرو کہ وہ شخص کس قدر زیادہ سزا کے لائق ٹھہرے گا جس نے خدا کے بیٹے کو پامال کیا اور عہد کے خون کو جس سے وہ پاک ہُوا تھا ناپاک جانا اور فضل کے رُوح کو بے عزّت کیا۔

یوحنّا ۱۲ : ۴۸

جو مجھے نہیں مانتا اور میری باتوں کو قبول نہیں کرتا اُس کا ایک مجرم ٹھہرانے والا ہے یعنی جو کلام مَیں نے کیا ہے آخری دِن وہی اُسے مجرم ٹھہرائے گا۔

یوحنّا ۸ : ۲۴

اس لئے مَیں نے تم سے یہ کہا کہ اپنے گناہوں میں مروگے کیونکہ اگر تم ایمان نہ لاؤ گے کہ مَیں وہی ہوں تو اپنے گناہوں میں مروگے۔

لوقا ۱۲ : ۴، ۵

مگر تم دوستوں سے مَیں کہتا ہوں کہ اُن سے نہ ڈرو جو بدن کو قتل کرتے ہیں اور اُس کے بعد اور کچھ نہیں کر سکتے۔ لیکن میں تمہیں جتاتا ہوں کہ کس سے ڈرنا چاہئے۔ اُس سے ڈرو جس کو اختیار ہے کہ قتل کرنے کے بعد جہنم میں ڈالے۔ ہاں مَیں تم سے کہتا ہوں کہ اُسی سے ڈرو۔

عبرانیوں ۲ : ۳

تو اتنی بڑی نجات سے غافل رہ کر ہم کیونکر بچ سکتے ہیں؟

# یسوعؔ مسیح ہماری عدالت کرے گا

اعمال ۱۷ : ۳۱

اُس نے ایک دِن ٹھہرایا ہے جس میں وہ راستی سے دنیا کی عدالت اُس آدمی کی معرفت کرے گا جِسے اُس نے مقرّر کیا ہے اور اُسے مُردوں میں سے جِلا کر یہ بات سب پر ثابت کر دی ہے۔

یوحنّا ۵ : ۲۲، ۲۳

کیونکہ باپ کِسی کی عدالت بھی نہیں کرتا بلکہ اُس نے عدالت کا سارا کام بیٹے کے سپرد کیا ہے تاکہ سب لوگ بیٹے کی عزّت کریں جس طرح باپ کی عزت کرتے ہیں۔

۲۔کرنتھیوں ۵ : ۱۰

کیونکہ ضرور ہے کہ مسیح کے تختِ عدالت کے سامنے جاکر ہم سب کا حال ظاہر کیا جائے تاکہ ہر شخص اپنے اُن کاموں کا بدلہ پائے جو اُس نے بدن کے وسیلہ سے کئے ہوں۔ خواہ بھلے ہوں خواہ بُرے۔

رومیوں ۲ : ۱۶

جِس روز خدا میری خوشخبری کے مطابق یسوعؔ مسیح کی معرفت آدمیوں کی پوشیدہ باتوں کا انصاف کرے گا۔

۲ تھسلنیکیوں ۱ : ۷، ۸

خداوند یسوعؔ اپنے قوی فرشتوں کے ساتھ بھڑکتی ہوئی آگ میں آسمان سے ظاہر ہوگا۔ اور جو خدا کو نہیں پہچانتے اور ہمارے خداوند یسوعؔ کی خوشخبری کو نہیں مانتے اُن سے بدلہ لے گا۔

لوقا ۱۹ : ۲۷

مگر میرے اُن دشمنوں کو جنہوں نے نہ چاہا تھا کہ میں اُن پر بادشاہی کروں یہاں لاکر میرے سامنے قتل کرو۔

# وہ سب جو یسوعؔ کی پیروی کرنیکا دعویٰ کرتے ہیں اُسکے نہیں

طِطُس ۱ : ۱۶

وہ خدا کی پہچان کا دعویٰ تو کرتے ہیں مگر اپنے کاموں سے اُس کا انکار کرتے ہیں۔

رومیوں ۸ : ۹

مگر جس میں مسیح کا رُوح نہیں وہ اُس کا نہیں۔

حزقی ایل ۳۳ : ۳۱

اور میرے لوگوں کی مانند تیرے آگے بیٹھتے اور تیری باتیں سُنتے ہیں لیکن اُن پر عمل نہیں کرتے کیونکہ وہ اپنے منہ سے تو بہت محبّت ظاہر کرتے ہیں پر اُن کا دِل لالچ پر دوڑتا ہے۔

متّی ۱۵ : ۸

یہ اُمّت زبان سے تو میری عزّت کرتی ہے مگر اِن کا دِل مجھ سے دُور ہے۔

متّی ۷: ۲۱ - ۲۳

جو مجھ سے اے خداوند، اے خداوند! کہتے ہیں اُن میں سے ہر ایک آسمان کی بادشاہی میں داخل نہ ہوگا مگر وہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے۔ اُس دن بہتیرے مجھ سے کہیں گے اے خداوند اے خداوند! کیا ہم نے تیرے نام سے نبوّت نہیں کی اور تیرے نام سے بد روحوں کو نہیں نکالا اور تیرے نام سے بہت سے معجزے نہیں دکھائے؟ اُس وقت میں اُن سے صاف کہہ دوں گا کہ میری کبھی تم سے واقفیت نہ تھی۔ اے بدکارو میرے پاس سے چلے جاؤ۔

# یسوؔع کے سچّے پیروکار اُسکی فرمانبرداری کرتے ہیں

۱۔یوحنّا ۲ : ۳

اگر ہم اُس کے حکموں پر عمل کریں گے تو اس سے ہمیں معلوم ہوگا کہ ہم اُسے جان گئے ہیں۔

حزقی ایل ۳۶ : ۲۷

اور مَیں اپنی رُوح تمہارے باطن میں ڈالوں گا اور تم سے اپنے آئین کی پیروی کراؤں گا اور تُم میرے احکام پر عمل کروگے اور اُن کو بجا لاؤ گے۔

عبرانیوں ۵ : ۹

اور کامِل بن کر اپنے سب فرمانبرداروں کے لئے ابدی نجات کا باعث ہُؤا۔

رومیوں ۶ : ۱۸

اور گناہ سے آزاد ہو کر راستبازی کے غلام ہو گئے۔

افسیوں ۲ : ۱۰

کیونکہ ہم اُسی کی کاریگری ہیں اور مسیح یسوؔع میں اُن نیک اعمال کے واسطے مخلوق ہوئے جِن کو خدا نے پہلے سے ہمارے کرنے کے لئے تیار کیا تھا۔

رومیوں ۸ : ۱۰،۱۳

اگر مسیح تم میں ہے تو بدن تو گناہ کے سبب سے مُردہ ہے مگر رُوح راستبازی کے سبب سے زندہ ہے۔ کیونکہ اگر تم جسم کے مطابق زندگی گذاروگے تو ضرور مروگے اور اگر رُوح سے بدن کے کاموں کو نیست و نابُود کروگے تو جیتے رہوگے۔

۲۔تیمتھیس ۲ : ۱۹

اور جو کوئی خداوند کا نام لیتا ہے ناراستی سے باز رہے۔

# دُنیا یسوؔع کے پیروکاروں سے نفرت کرتی ہے

یوحنّا ۱۵ : ۱۸، ۱۹

اگر دُنیا تم سے عداوت رکھتی ہے تو تم جانتے ہو کہ اُس نے تم سے پہلے مجھ سے بھی عداوت رکھی ہے ۔ اگر تم دنیا کے ہوتے تو دنیا اپنوں کو عزیز رکھتی لیکن چونکہ تم دنیا کے نہیں بلکہ مَیں نے تم کو دنیا میں سے چُن لیا ہے اس واسطے دنیا تم سے عداوت رکھتی ہے ۔

یوحنّا ۱۶ : ۲، ۳

وہ وقت آتا ہے کہ جو کوئی تم کو قتل کرے گا وہ گمان کرے گا کہ میں خدا کی خدمت کرتا ہُوں ۔ اور وہ اس لئے یہ کریں گے کہ اُنہوں نے نہ باپ کو جانا نہ مجھے ۔

۱ ۔ یوحنّا ۳ : ۱

دیکھو باپ نے ہم سے کیسی محبّت کی ہے کہ ہم خدا کے فرزند کہلائے اور ہم ہیں بھی ۔ دنیا ہمیں اس لئے نہیں جانتی کہ اُس نے اُسے بھی نہیں جانا ۔

اعمال ۱۴ : ۲۲

ضرور ہے کہ ہم بہت مصیبتیں سہہ کر خدا کی بادشاہی میں داخل ہوں ۔

۲ ۔ تیمتھیس ۳ : ۱۲

بلکہ جتنے مسیح یسوؔع میں دینداری کے ساتھ زندگی گذارنا چاہتے ہیں وہ سب ستائے جائیں گے ۔

یوحنّا ۱۶ : ۳۳

دنیا میں مصیبت اُٹھاتے ہو لیکن خاطر جمع رکھو مَیں دنیا پر غالب آیا ہوں ۔

# دُکھ اُٹھانے والوں کے ساتھ وعدے

ا۔ پطرس ۵ : ۷

اپنی ساری فکر اُسی پر ڈال دو کیونکہ اُس کو تمہارا خیال ہے۔

یسعیاہ ۴۱ : ۱۰

تُو مت ڈر کیونکہ مَیں تیرے ساتھ ہوں۔ ہراساں نہ ہو کیونکہ مَیں تیرا خدا ہوں۔ مَیں تجھے زور بخشوں گا۔ مَیں یقیناً تیری مدد کروں گا اور مَیں اپنی صداقت کے دہنے ہاتھ سے تجھے سنبھالوں گا۔

زبُور ۲۷ : ۱۰

جب میرا باپ اور میری ماں مجھے چھوڑ دیں تو خداوند مجھے سنبھال لے گا۔

عبرانیوں ۱۳ : ۶

اس واسطے ہم دلیری کے ساتھ کہتے ہیں کہ خداوند میرا مددگار ہے۔ میں خوف نہ کروں گا۔ انسان میرا کیا کرے گا؟

ا۔ پطرس ۴ : ۱۴

اگر مسیح کے نام کے سبب سے تمہیں ملامت کی جاتی ہے تو تم مبارک ہو کیونکہ جلال کا رُوح یعنی خدا کا رُوح تم پر سایہ کرتا ہے۔

زبُور ۹۱ : ۱۱؛ ۲۳ : ۴

کیونکہ وہ تیری بابت اپنے فرشتوں کو حکم دیگا کہ تیری سب راہوں میں تیری حفاظت کریں۔ بلکہ خواہ موت کے سائے کی وادی میں سے میرا گذر ہو، مَیں کسی بلا سے نہیں ڈروں گا۔ کیونکہ تُو میرے ساتھ ہے۔

فلپیّوں ۴ : ۱۳، ۱۹

جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں مَیں سب کچھ کر سکتا ہوں۔ میرا خدا اپنی دولت کے موافق جلال سے مسیح یسوع میں تمہاری ہر ایک احتیاج رفع کرے گا۔

# گناہ اور شیطان پر فتح

۱۔ کرنتھیوں ۱۰ : ۱۳

تُم کسی ایسی آزمائش میں نہیں پڑے جو انسان کی برداشت سے باہر ہو اور خدا سچّا ہے۔ وہ تُم کو تمہاری طاقت سے زیادہ آزمائش میں نہ پڑنے دے گا بلکہ آزمائش کے ساتھ نِکلنے کی راہ بھی پیدا کر دے گا تاکہ تم برداشت کر سکو۔

عبرانیوں ۴ : ۱۶

پس آؤ ہم فضل کے تخت کے پاس دلیری سے چلیں تاکہ ہم پر رحم ہو اور وہ فضل حاصل کریں جو ضرورت کے وقت ہماری مدد کرے۔

۱۔ یوحنّا ۱ : ۷

لیکن اگر ہم نُور میں چلیں جس طرح کہ وہ نُور میں ہے تو ہماری آپس میں شراکت ہے اور اُس کے بیٹے یسوؔع کا خون ہمیں تمام گناہ سے پاک کرتا ہے۔

۲۔ تیمتھیُس ۲ : ۲۲

جوانی کی خواہشوں سے بھاگ اور جو پاک دل کے ساتھ خداوند سے دُعا کرتے ہیں اُن کے ساتھ راستبازی اور ایمان اور محبّت اور صلح کا طالب ہو۔

رومیوں ۶ : ۱۱

اسی طرح تم بھی اپنے آپ کو گناہ کے اعتبار سے مُردہ مگر خدا کے اعتبار سے مسیح یسوؔع میں زندہ سمجھو۔

یعقوب ۴ : ۷

پس خدا کے تابع ہو جاؤ اور ابلیس کا مقابلہ کرو تو وہ تم سے بھاگ جائے گا۔

زبُور ۱۱۹ : ۱۱

مَیں نے تیرے کلام کو اپنے دل میں رکھ لیا ہے تاکہ میں تیرے خلاف گناہ نہ کروں۔

# حقیقی دُعا خدا کے ساتھ رفاقت ہے

زبُور ۲۷ : ۸

جب تُو نے فرمایا کہ میرے دیدار کے طالب ہو تو میرے دل نے تجھ سے کہا اے خداوند میں تیرے دیدار کا طالب رہوں گا۔

زبُور ۶۲ : ۸

اَے لوگو! ہر وقت اُس پر توکّل کرو۔ اپنے دل کا حال اُسکے سامنے کھول دو۔ خدا ہماری پناہ گاہ ہے۔

یرمیاہ ۱۷ : ۱۴

اَے خداوند! تُو مجھے شفا بخشے تو میں شفا پاؤنگا۔ تُو ہی بچائے تو بچونگا کیونکہ تُو میرا فخر ہے۔

ا تھسلنیکیوں ۵ : ۱۷، ۱۸

بلاناغہ دُعا کرو۔ ہر ایک بات میں شکرگذاری کرو کیونکہ مسیح یسوع میں تمہاری بابت خدا کی یہی مرضی ہے۔

یعقوب ۱ : ۵

اگر تم میں سے کسی میں حکمت کی کمی ہو تو خدا سے مانگے جو بغیر ملامت کئے سب کو فیاضی کے ساتھ دیتا ہے۔ اُس کو دی جائے گی۔

یوحنّا ۱۵ : ۷

اگر تم مجھ میں قائم رہو اور میری باتیں تم میں قائم رہیں تو جو چاہو مانگو۔ وہ تمہارے لئے ہو جائے گا۔

زبُور ۳۴ : ۴

مَیں خداوند کا طالب ہُوا۔ اُس نے مجھے جواب دیا اور میری ساری دہشت سے مجھے رہائی بخشی۔

زبُور ۶۶ : ۱۸؛ ۲۵ : ۱۱

اگر مَیں بدی کو اپنے دل میں رکھتا تو خداوند میری نہ سُنتا۔ اے خداوند! اپنے نام کی خاطر میری بدکاری معاف کر دے کیونکہ وہ بڑی ہے۔

# یسوؔع آنے والا ہے ۔ تیار رہیئے!

ا۔تھسلنیکیوں ۴: ۱۶، ۱۷

خداوند خود آسمان سے للکار اور مقرّب فرشتے کی آواز اور خدا کے نرسنگے کے ساتھ اُتر آئے گا اور پہلے تو وہ جو مسیح میں مُوئے جی اُٹھیں گے پھر ہم جو زندہ باقی ہوں گے اُن کے ساتھ بادلوں پر اُٹھائے جائیں گے تاکہ ہَوا میں خداوند کا استقبال کریں اور اِس طرح ہمیشہ خداوند کے ساتھ رہیں۔

۲۔ کرنتھیوں ۷ : ۱

پس اَے عزیزو! چونکہ ہم سے ایسے وعدے کئے گئے آؤ ہم اپنے آپ کو ہر طرح کی جسمانی اور روحانی آلودگی سے پاک کریں اور خدا کے خوف کے ساتھ پاکیزگی کو کمال تک پہنچائیں۔

۱۔ یوحنّا ۲ : ۲۸

غرض اَے بچّو! اُس میں قائم رہو تاکہ جب وہ ظاہر ہو تو ہمیں دلیری ہو اور ہم اُس کے آنے پر اُس کے سامنے شرمندہ نہ ہوں۔

یعقوب ۵ : ۸، ۹

تم بھی صبر کرو اور اپنے دلوں کو مضبوط رکھو کیونکہ خداوند کی آمد قریب ہے۔ اَے بھائیو! ایک دوسرے کی شکایت نہ کرو تاکہ تم سزا نہ پاؤ۔ دیکھو منُصِف دروازہ پر کھڑا ہے۔

لُوقا ۱۲ : ۴۰

تم بھی تیار رہو کیونکہ جس گھڑی تمہیں گمان بھی نہ ہو گا ابنِ آدم آجائے گا۔

# خُدا کی رُوح سے معمُور ہو جائیے

امثال ۱ : ۲۳

تم میری ملامت کو سُن کر باز آؤ۔ دیکھو! مَیں اپنی رُوح تم پر انڈیلُوں گی مَیں تم کو اپنی باتیں بتاؤں گی۔

اعمال ۲ : ۳۸

.... توبہ کرو اور تم میں سے ہر ایک اپنے گناہوں کی معافی کے لئے یسوؔع مسیح کے نام پر بپتسمہ لے تو تم رُوحُ القدُس انعام میں پاؤ گے۔

افسیوں ۵ : ۱۸ - ۲۱

شراب میں متوالے نہ بنو کیونکہ اس سے بدچلنی واقع ہوتی ہے بلکہ رُوح سے معمُور ہوتے جاؤ۔ اور آپس میں مزامیر اور گیت اور روحانی غزلیں گایا کرو اور دل سے خداوند کے لئے گاتے بجاتے رہا کرو۔ اور سب باتوں میں ہمارے خداوند یسوؔع مسیح کے نام سے ہمیشہ خدا باپ کا شکر کرتے رہو۔ اور مسیح کے خوف سے ایک دوسرے کے تابع رہو۔

فلپیوّں ۲ : ۱۳

جو تُم میں نیّت اور عمل دونوں کو اپنے نیک ارادہ کو انجام دینے کے لئے پیدا کرتا ہے وہ خدا ہے۔

۱۔کرنتھیوں ۳ : ۱۶؛ ۶ : ۲۰

کیا تم نہیں جانتے کہ تم خُدا کا مَقدِس ہو اور خدا کا رُوح تم میں بسا ہُوا ہے؟ کیونکہ قیمت سے خریدے گئے ہو۔ پس اپنے بدن سے خدا کا جلال ظاہر کرو۔

Read booklets online or by App
www.wmp-readonline.org
1518-2 Urdu HKG 5-21 www.wmpress.org